# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد

MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY, HYDERABAD

(A Central University established by an Act of Parliament of India, 1998)

مفوضہ کام (فاصلاتی طرز)

بی۔اے۔/بی کام

(ایم آئی ایل اردو-1)

پہلا سمسٹر

Batch 2020-2021

☆ہدایات☆

مفوضہ کام (Assignments) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے بی۔اے۔/بی کام (فاصلاتی طرز) پروگرام کا لازمی جز ہے۔ مفوضہ کام کے لیے 30 نمبرات مختص ہیں۔ ہر پرچے کے تین مفوضہ کام ہیں۔ آپ کو ہر پرچے کے مفوضہ کاموں کے جوابات تحریر کرتے ہوئے مقررہ تاریخ پر داخل کرنے ہوں گے۔ سہولت کی خاطر ہر مفوضہ کام کے تیس نمبر رکھے گئے ہیں، ان کا اوسط آپ کے سمسٹر امتحان کے نمبرات میں شامل کیا جائے گا۔ مفوضہ کام میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے جملہ 30 نمبرات میں سے 12 نمبرات حاصل کرنے ہوں گے۔ سمسٹر کے اختتام پر سمسٹر امتحان ہوگا اور ہر پرچے کے 70 نمبرات ہوں گے۔ ہر پرچے میں کامیابی کے لیے کم از کم 28 نمبرات حاصل کرنا لازمی ہے۔ مفوضہ کام تحریر کرنے سے متعلق ضروری ہدایات درج ذیل ہیں۔

1. ہر مفوضہ کام کے جوابات علاحدہ، مناسب، سفید، فُل اسکیپ (A4 Page) کاغذ پر اپنے ہاتھ سے لکھیے۔ ہر صفحہ پر دونوں جانب کم از کم ایک اِنچ کا حاشیہ ضرور چھوڑا جائے۔
2. جوابات پر 'حصہ' اور 'سوال نمبر' ضرور درج کیجیے۔ غلط سوال درج کرنے کی صورت میں آپ کے تحریر کردہ جواب کو نمبرات سے محروم رکھا جائے گا۔
3. مفوضہ کام کے کاغذات احتیاط کے ساتھ اپنے متعلقہ اِسٹڈی سینٹر (LSC) کے کوآرڈینیٹر کے نام ارسال کیجیے یا شخصی طور پر ان کے حوالے کیجیے۔
4. کوآرڈینیٹر سے اپنے مفوضہ کام کی رسید (Acknowledgement) بھی لیجیے۔

5. اگر آپ مفوضہ کام داخل نہ کر سکے یا کم از کم 12 نمبرات حاصل کرنے میں ناکامیاب رہے تو آپ کو آئندہ بیچ (Batch) کے مفوضہ کام کا انتظار کرنا ہو گا اور اس کے لیے نظامت فاصلاتی تعلیم، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی ویب سائٹ سے مسلسل رابطہ رکھنا ہو گا۔ ویب سائٹ: www.manuu.edu.in/dde

6. ایک مرتبہ مفوضہ کام میں کامیابی کے بعد نمبرات میں مزید اضافے کے لیے دوسری مرتبہ مفوضہ کام داخل کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

7. مقررہ تاریخ کے بعد تفویضات (Assignments) قبول نہیں کیے جائیں گے۔

8. طلباء کو چاہیے کہ مفوضہ کام کے پہلے صفحے پر ان تفصیلات کو لازمی درج کریں:

| | |
|---|---|
| نام:-------------------------------- | اسٹڈی سینٹر:-------------------------------- |
| پتہ:-------------------------------- | اندراج نمبر:-------------------------------- |
| بی۔اے۔کا مضمون:-------------------------------- | سال:-------------------------------- |
| پرچہ:-------------------------------- | مفوضہ کام نمبر:-------------------------------- |
| تاریخ:-------------------------------- | دستخط:-------------------------------- |

ایم آئی ایل اردو۔1

مفوضہ کام:1(اکائی1 تا اکائی8)

(Assignment No.1)

**Part "A" :Objective type multiple choice questions (Answer all 5 out of 5 - 5 x 2 = 10 )**

**حصہ(الف) تمام سوالوں کے جواب دیجیے۔ ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔(5x2=10)**

صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

1. کسی بھی زبان کی سب سے چھوٹی اکائی کیا ہے؟ ( )

(الف) مصرع (ب) جملہ (ج) لفظ (د) حرف

2. کہاوت کا ایک اہم وصف کیا ہے؟ ( )

(الف) اختصار (ب) طوالت (ج) طنز (د) مزاح

3. ''بدیع'' کس زبان کا لفظ ہے؟ ( )

(الف) اردو (ب) سنسکرت (ج) عربی (د) فارسی

4. جدید اردو نثر کے فروغ میں کس خطوط نگار کا اہم کردار ہے؟ ( )

(الف) سرسید (ب) اقبال (ج) غالب (د) ابوالکلام آزاد

5. ''انشا اور تلفظ'' کا مصنف کون ہے؟ ( )

(الف) وحید قریشی (ب) سید محی الدین قادری زور (ج) رشید حسن خان (د) ماہ لقا رفیق

**Part "B" :Very short answer type questions (Answer any 2 out of 4 - 2 x 5 = 10 )**

**حصہ(ب) دو سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔(2x5=10)**

1. انشا پردازی کے اصول بیان کیجیے۔
2. مؤثر ابلاغ کی خوبیاں بیان کیجیے؟
3. ''علم بیان'' سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟
4. علامت فاعل اور علامت مفعول کی ایک ایک مثال لکھیے ۔

**Part "C" :Long answer type questions (Answer any 1 out of 3 - 1 x 10 = 10 )**

**حصہ(ج) کسی ایک سوال کا جواب تفصیل سے دیجیے۔(1x10=10)**

1. اردو میں مضمون نگاری کے آغاز وارتقا پر ایک نوٹ لکھیے ۔
2. صنائع معنوی کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کی اہم اقسام کا ذکر کیجیے۔
3. زمانۂ ماضی کی اقسام کا تفصیل سے مع امثال ذکر کیجیے۔

مفوضہ کام:2(اکائی9 تا اکائی16)

(Assignment No.2)

**Part "A" :Objective type multiple choice questions (Answer all 5 out of 5 - 5 x 2 = 10 )**

**حصہ(الف) تمام سوالوں کے جواب دیجیے۔ ہرسوال کے نشانات مساوی ہیں۔(5x2=10)**

صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

1. مثنوی کس زبان کا لفظ ہے؟ ( )

(الف)ترکی (ب)اردو (ج)فارسی (د)عربی

2. اردو کی کس شعری صنف کو ام الاصناف کہا جاتا ہے؟ ( )

(الف)مثنوی (ب)غزل (ج)رباعی (د)قصیدہ

3. ذوق کو کس نے خاقانی ہند کے لقب سے نوازا؟ ( )

(الف)جہاندارشاہ (ب)فرخ سیر (ج)بہادرشاہ ظفر (د) اکبرشاہ ثانی

4. کس شاعر کا خاندان دریائے موسی کی طغیانی کی نذر ہوا تھا؟ ( )

(الف) ولی (ب) سراج اورنگ آبادی (ج) امجد حیدرآبادی (د) قاضی محمود بحری

5. رباعی کا ایک دوسرا نام کیا ہے؟ ( )

(الف)قطعہ (ب)چوپائی (ج)چہار بیت (د) ترانہ

**Part "B" :Very short answer type questions (Answer any 2 out of 4 - 2 x 5 = 10 )**

**حصہ(ب) دوسوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ ہرسوال کے نشانات مساوی ہیں۔(2x5=10)**

1. مثنوی دریائے عشق میں کردارنگاری پر مختصر نوٹ لکھیے ۔
2. دبیر کی مرثیہ نگاری کے امتیازات بیان کیجیے۔
3. رباعی کی اقسام کو مثالوں کے ساتھ بیان کیجیے۔
4. امجد حیدرآبادی کے حالات زندگی پر ایک مختصر نوٹ لکھیے ۔

**Part "C" :Long answer type questions (Answer any 1 out of 3 - 1 x 10 = 10 )**

**حصہ(ج) کسی ایک سوال کا جواب تفصیل سے دیجیے۔(1x10=10)**

1. اردو مرثیہ کی ثقافتی اہمیت سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔
2. قصیدے کے فن پر روشنی ڈالیے۔
3. مثنوی کی اہمیت پر اظہار خیال کیجیے۔

## مفوضہ کام:3(اکائی17 تا اکائی24)
## (Assignment No.3)

**Part "A" :Objective type multiple choice questions (Answer all 5 out of 5 - 5 x 2 = 10 )**

**حصہ(الف)تمام سوالوں کے جواب دیجیے۔ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔(5x2=10)**

صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

1. ''اردو زبان اور فن داستان گوئی'' کس کی تصنیف ہے؟ ( )

(الف)وقار عظیم (ب)رشید حسن خاں (ج)گیان چند (د)کلیم الدین احمد

2. سعادت حسن منٹو کی جائے پیدائش کہاں ہے؟ ( )

(الف)لدھیانہ (ب)امرتسر (ج)لاہور (د)ممبئ

3. ناول 'فسانۂ آزاد' کس نے تحریر کیا؟ ( )

(الف) پریم چند (ب)ڈپٹی نذیر احمد (ج)عبدالحلیم شرر (د)پنڈت رتن ناتھ سرشار

4. 'اردو ڈراما کا ارتقا' کا مصنف کون ہے؟ ( )

(الف)محمد اسلم قریشی (ب)عطیہ نشاط (ج)وقار عظیم (د)عشرت رحمانی

5. حبیب تنویر نے اپنا پہلا ڈراما سب سے پہلے کہاں پیش کیا؟ ( )

(الف)علی گڑھ مسلم یونیورسٹی (ب)جامعہ ملیہ اسلامیہ (ج)کولکاتا (د)رائے پور

**Part "B" :Very short answer type questions (Answer any 2 out of 4 - 2 x 5 = 10 )**

**حصہ(ب)دو سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔(2x5=10)**

1. آزاد بخت کیوں بادشاہت چھوڑنا چاہتا تھا؟
2. مختصر افسانے میں کردار نگاری کی نوعیت پر روشنی ڈالیے۔
3. ہندستانیوں کو فرنگیوں سے نفرت کیوں ہو گئی تھی مدلل لکھیے ۔
4. داستان کے فن پر مختصر نوٹ لکھیے ۔

**Part "C" :Long answer type questions (Answer any 1 out of 3 - 1 x 10 = 10 )**

**حصہ(ج)کسی ایک سوال کا جواب تفصیل سے دیجیے۔(1x10=10)**

1. ڈرامے کی اقسام پر روشنی ڈالیے۔
2. افسانے کے اجزائے ترکیبی پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔
3. ''باغ و بہار'' کے اسلوب کی خوبیاں بیان کیجیے۔